**12.05.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**Music**

-------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آپریشن سندورنےدہشت گردی کے خلاف لڑائی میں نئی مثال قائم کی ہے۔

☆ آپریشن سندور کے بعد ملک کے نام اپنے پہلے خطاب میں وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اب دہشت گردی کا اپنی شرطوں پر جواب دے گا۔ وزیر اعظم نے اس بات کو دوہرایا کہ دہشت گردی، تجارت اور بات چیت ایک ساتھ نہیں چل سکتے۔

☆ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت، نیوکلیائی بلیک میل کو برداشت نہیں کرے گا اور دہشت گردی کی سرپرستی کرنے والوں اور اس کی مالی اعانت کرنے والوں کے درمیان کوئی فرق نہیں کرے گا۔

☆ فضائی آپریشن کے ڈائریکٹر جنرل نے کہا ہے کہ بھارت کی لڑائی دہشت گردوں اور اُس کے بنیادی ڈھانچے کے خلاف تھی، جبکہ پاکستان نے دہشت گردوں کے سرپرستی کا راستہ اپنایا۔ ڈائریکٹر جنرل نے دیسی ساخت کے فضائی دفاعی نظام کی بہترین کارکردگی کا ذکر کیا۔

☆ بھارت اور پاکستان کے درمیان DGMO سطح کی بات چیت کے دوران دونوں فریق سرحدوں سے اپنی فوجوں کی تعداد کم کرنے پر متفق ہوگئے ہیں۔

☆ گھریلو شیئر بازار میں تقریباً چار فیصد کا اضافہ دیکھا گیا۔سینسیکس میں 2ہزار 975پوائنٹس جبکہ نفٹی ففٹی میں 917پوائنٹس کا اضافہ درج کیا گیا۔

☆ امریکہ اور چین ، ایک دوسرے کی اشیاء پر عائد محصولات کو 90دنوں کیلئے واپس لینے پر راضی ہوگئے ہیں۔

☆ ملک اور بیرون ملک میں آج بودھ پورنیما روایتی عقیدت کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

PM Address Nation

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ بھارتی مسلح افواج کی جانب سے شروع کیا گیا آپریشن سندور محض ایک نام نہیں بلکہ ملک کے مجموعی جذبات اور عزم واستقلال کی ایک علامت ہے۔ آج شام ملک سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ آپریشن سندور انصاف کیلئے ایک مضبوط عہد ہے۔

S/B 2100 PM Operation Sindur

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ کسی بھی نیوکلیائی بلیک میل کو اور اب برداشت نہیں کیا جائے گا اور بھارت پر دہشت گردانہ حملے کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

S/B 2100 PM on Three Point Agenda

وزیر اعظم مودی نے کہا کہ پاکستان نے بھارت سے حملے روکنے کی درخواست کی لیکن بھارت نے یہ بات تبھی مانی جب اُس نے یہ یقین دلایا کہ وہ اپنی غلط حرکتیں روک دے گا۔ وزیر اعظم نے مسلح افواج، فوج، انٹلیجنس ایجنسیوں اور سائنسدانوں کو سلام پیش کیا۔ انھوں نے آپریشن کے تحت مسلح افواج کی شجاعت، بہادری اور ہمت کو ملک کی ہر ماں، بہن اور بیٹی سے منسوب کیا۔

S/B 2100 PM Pahalgam Attack

جناب مودی نے کہا کہ کسی بھی مقام پر رونما ہونے والے دہشت گردی کے واقعات کی جڑیں بہاولپور اور Muridke جیسے پاکستان کے دہشت گردوں کے اڈّوں سے جڑی ہوتی ہیں۔

S/B 2100 PM Global Terrotist HUB

جناب مودی نے کہا کہ پاکستان اپنے دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے کو ختم کرے ورنہ اس کیلئے کوئی راستہ نہیں ہے۔ اپنے خطاب میں وزیر اعظم مودی نے واضح کیا کہ اگر بھارت اور پاکستان کے درمیان بات چیت ہوگی تو یہ صرف دہشت گردی اور پاکستان کے قبضے والے کشمیر POK پر ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کا موقف واضح رہا ہے کہ دہشت گردی، تجارت اور بات چیت ایک ساتھ نہیں ہوسکتی۔

S/B 2100 PM Modi on POK

جناب مودی نے کہا کہ دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنا ایک بہتر دنیا کی ضمانت ہے۔

S/B 2100 PM Zero Tollrence

Defence Briefing

فضائی کارروائیوں کے ڈائریکٹر جنرل DGAO ایئر مارشل اے کے بھارتی نے آج زور دے کر کہا کہ بھارت کی لڑائی دہشت گردوں اور ان کے امدادی بنیادی ڈھانچے سے تھی نہ کہ پاکستانی فوج سے۔ انھوں نے کہا ہے کہ یہ افسوس کی بات ہے کہ پاکستان کی فوج نے مداخلت کا راستہ اپنایا اور دہشت گردوں کی حمایت کی جس کی وجہ سے بھارتی مسلح افواج کو جوابی کارروائی کرنے پر مجبور ہونا پڑا۔

S/B DG IAF on Terrorist

نئی دلّی میں آپریشن سندور کے بارے میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے ایئرمارشل بھارتی نے بتایا کہ آپریشن سندور کے دوران بھارتی فوج نے کس طرح ملک کے سویلین اور فوجی بنیادی ڈھانچے دونوں کو کم سے کم نقصان پہنچایا۔انھوں نے یہ بھی بتایا کہ کس طرح بھارتی مسلح افواج نے مربوط فضائی دفاعی نظام کا استعمال کیا۔

S/B 2100 DG IAF on Air Defence System

ایئرمارشل بھارتی نے بتایا کہ پاکستان نے بہت سے ڈرون اور بغیر پائلٹ والے لڑاکا Aerial Vehicles کا استعمال کیا جنھیں ملک میں ہی تیار کئے گئے UAS نظام اور بہتر تربیت یافتہ بھارتی فضائیہ کے اہلکاروں نے ناکام بنا دیا۔ انھوں نے آکاش نظام جیسے اندرون ملک تیار کردہ فضائی دفاعی نظام کی شاندار کارکردگی کو بھی اجاگر کیا۔ ایئرمارشل بھارتی نے کہا کہ چینی ساخت کا پاکستان کا PL-15میزائل نشانے پر نہیں لگا اور بغیر پائلٹ والے فضائی نظام کو مار گرایا گیا۔ بھارت کی جانب سے کی جانے والی جوابی کارروائیوں کے بارے میں DGAO نے کہا کہ بھارت نے دشمن کے دور دراز علاقوں کو نشانہ بنایا اور اس سلسلے میں انھوں نے نورخان ایئر بیس اور رحیم یار خان ایئر بیس کا ذکر کیا۔

S/B 2100 Bharti Strike on Pak Air Bases

یہ بتاتے ہوئے کہ کس طرح فضائی دفاعی نظام نے دشمن کے ڈرونز، لڑاکا طیارے اور میزائل کو ناکام بنایا جس کی وجہ سے بھارت کی جانب بہت کم نقصان ہوا۔ فوجی کارروائیوں کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل راجیو Ghai نے بتایا کہ بھارت پہلے سے پوری طرح تیار تھا۔ انھوں نے کہا کہ جب پاکستانی فضائیہ نے 9اور 10 مئی کی رات کے دوران بھارتی ایئرفیلڈس اور نقل وحمل کی تنصیبات کو نشانہ بنانے کی کوشش کی تو انھیں کثیر سطحی ڈرون مخالف اور فضائی دفاعی نظام کے ذریعے روک دیا گیا۔انھوں نے یہ بات زور دے کر کہی کہ پاکستان کو یہ موقع نہیں ملا کہ وہ بھارت کے فضائی دفاعی نظام کو نشانہ بنا سکے۔ DGMO نے کارروائیوں میں تعاون کیلئے BSF کی ستائش کی۔

S/B 2100 Rajiv Ghai on BSF

اپنے بیان میں بحریہ کی کارروائیوں کے ڈائریکٹر جنرل وائس ایڈمرل AN Pramod نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارتی بحریہ Multiple Sensors اور معلومات کا استعمال کرتے ہوئے کسی بھی خطرے سے نمٹنے کیلئے مسلسل نگرانی کر رہی ہے۔ DGNO نے بتایا کہ موجودہ تنازع میں بڑی تعداد میں Mig 29 K جنگی جہازوں اور پہلے سے خبردار کرنے والے ہیلی کاپٹروں کے ساتھ بحریہ کے طیارہ بردار جہاز نے کسی بھی مشتبہ اور دشمن کے طیارے کو قریب آنے سے روکا۔

S/B 2100 AD Pramod GD India Navy

وائس ایڈمرل پرمود نے یہ بات زور دے کر کہی کہ بھارتی بحریہ کے پاس قابل بھروسہ یہ صلاحیت موجود ہے کہ وہ کسی بھی ایسے فضائی پلیٹ فارمس کی شناخت کرکے اسے ناکام بنا سکے جس سے کہ سمندر میں اُس کے یونٹوں کو خطرہ لاحق ہو۔x

Rev DGMO Talks

بھارت اور پاکستان کے درمیان آج شام فوجی کارروائیوں کے ڈائریکٹر جنرل DGMO سطح کی بات چیت ہوئی۔ بھارتی فوج نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بات چیت کے دوران اس عہد کو جاری رکھے جانے سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا کہ دونوں فریق ایک دوسرے کے خلاف ایک گولی بھی نہیں چلائیں گے اور نہ ہی

کوئی جارحانہ کارروائی کریں گے۔ اس بات پر بھی اتفاق ہوا کہ دونوں فریق سرحدوں اور سرحدی علاقوں سے فوجیوں کی تعداد کو کم کئے جانے کو یقینی بنائے جانے کے فوری اقدامات پر غور کریں گے۔x

Bihar BSF Martyred

بہار کے باشندے BSF کے سب انسپکٹر محمد امتیاز کی آخری رسوم آج پورے پولیس اعزاز کے ساتھ ادا کردی گئیں۔ وہ جموں کے آر ایس پورہ میں اپنی چوکی پر ڈیوٹی انجام دیتے ہوئے پاکستان کی حالیہ فائرنگ کے دوران شہید ہوئے تھے۔ ان کی تدفین سارن ضلع میں Garkha میں واقع اُن کے آبائی گاؤں نارائن پور کی قبرستان میں ہوئی۔ اس سے پہلے شہید کے جسد خاکی کے نئی دلّی سے پٹنہ ہوائی اڈّے پہنچنے پر ریاستی وزیروں شروَن کمار اور نتن نوین نے کئی دیگر سرکردہ شخصیات کے ساتھ اُنھیں خراج عقیدت پیش کیا۔ نارائن پور گاؤں میں سارن رینج کے ڈی آئی جی Nilesh Kumar، سارن کے ضلع مجسٹریٹ Aman Sameer اور پولیس سپرنٹنڈنٹ کمار آشیش اور بہت سے لوگوں نے گلہائے عقیدت نذر کئے۔x

Stock

بھارتی شیئر بازار میں آج تیزی دیکھی گئی اور سال 2025 کی بلند ترین سطح پر بند ہوا۔ بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی اور امریکہ اور چین کے درمیان تجارتی صلح سمیت مثبت عالمی رجحانات کی بدولت سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہونے سے یہ پیش رفت ہوئی ہے۔ BSE کا بنیادی اشاریہ سینسیکس 2ہزار 975 پوائنٹس یا تین اعشاریہ سات– چار فیصد کے اچھال کے ساتھ 82ہزار 430پر بند ہوا۔ وہیں NSE کے نفٹی ففٹی میں بھی 917پوائنٹ یا تین اعشاریہ آٹھ– دو فیصد کا اضافہ دیکھا گیا اور یہ 24ہزار 925پر بند ہوا۔ Midcap اور Smallcap شیئروں میں بھی تیزی درج کی گئی۔ x

US China Trade Talks

امریکہ اور چین کے درمیان طویل عرصے سے جاری تجارتی جنگ میں اُس وقت بڑا موڑ آگیا، جب دونوں مما لک ایک دوسرے کی اشیاء پر عائد محصولات کو 90دنوں کیلئے واپس لینے پر راضی ہوگئے۔ گزشتہ ہفتے کے آخر میں جینوا میں ہوئے مذاکرات کے بعد جاری مشترکہ بیان میں امریکہ نے کہا ہے کہ وہ چینی اشیاء پر عائد محصولات کو بدھ کے روز تک 145فیصد سے گھٹا کر 30فیصد کرے گا۔ وہیں چین بھی امریکی درآمدات پر عائد 125فیصد محصولات میں تخفیف کرتے ہوئے اُسے 10فیصد کرے گا۔دونوں مما لک نے پائیدار اور باہمی فائدے مند اقتصادی ساجھیداری کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے بات چیت کو جاری رکھنے کیلئے نظام تشکیل دینے سے اتفاق کیا ہے۔

چین کے نائب وزیر اعظم He Lifeng، امریکی وزیر خزانہ Scott Besent اور تجارتی نمائندے Jamieson Greer مستقبل میں مذاکرات کی قیادت کریں گے، جو چین، امریکہ یا کسی تیسرے ملک میں منعقد ہوسکتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ عملی سطح کی مشاورت حسب ضرورت منعقد کی جائے گی۔x

## ISRO Chairman

ISRO کے چیئرمین ڈاکٹر وی نارائنن نے کہا ہے کہ ملک کے شہریوں کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے دس سیٹلائٹس اسٹریٹجک مقاصد کے لیے لگاتار 24 گھنٹے کام کر رہے ہیں۔ اِسرو چیئرمین اگرتلہ میں ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

SB - New ISRO Chairman

## Buddha Purnima

آج دنیا بھر میں بدھ پورنیما منائی جا رہی ہے۔ یہ دن اِس لیے منایا جاتا ہے کہ آج کے دن گوتم بدھ پیدا ہوئے تھے اور آج ہی کے دن گوتم بدھ کو بودھگیا میں مہابودھی درخت کے نیچے نروان حاصل ہوا تھا۔

اِس دن کو دنیا بھر بودھ اور ہندو مناتے ہیں۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ بودھ گیا میں مہابودھی مندر کے احاطے میں خصوصی دعائیہ جلسوں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆